## نئے صوبوں کے قیام سے پاکستان کمزور نہیں بلکہ مضبوط ہوگا، الطاف حسین
## تاریخی اعتبار سے سرائیکی بیلٹ کبھی صوبہ پنجاب کا اور ہزارہ ڈویژن کبھی خیبر پختونخوا کا حصہ نہیں رہا
## جتنی جلد ممکن ہو سکے سرائیکی صوبہ، صوبہ ہزارہ اور صوبہ قبائلستان بنا دیا جائے
## پاکستان کے عوام کے نام قائد تحریک الطاف حسین کا خصوصی وڈیو پیغام

لندن۔۔۔09 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے قیام سے پاکستان کمزور نہیں بلکہ مضبوط ہوگا اور ملک کے عوام کے درمیان محبت میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے ارباب اختیار اور حکومت سے اپیل کی کہ جتنی جلد ممکن ہو سکے سرائیکی صوبہ، صوبہ ہزارہ اور صوبہ قبائلستان بنا دیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان کے عوام کے نام اپنے خصوصی وڈیو پیغام میں کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان انگنت مسائل کا شکار ہے اور ان مسائل میں نئے صوبوں کا قیام بھی انتہائی حساس نوعیت کا مسئلہ ہے، نئے صوبوں کے قیام کے مطالبے کو بعض عناصر غلط معنی دے رہے ہیں اور غلط تاویلات پیش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ متوسط طبقہ کے ایک خاندان کے افراد جس گھر میں آرام سے رہتے ہوں اس خاندان کے افراد کی تعداد میں اضافہ کے بعد وہی گھر تنگ پڑ جاتا ہے اور اس خاندان کے افراد مزید گھر خریدنے یا کرائے پر لے لیا کرتے ہیں، اس عمل سے رشتے ناتے ٹوٹا نہیں کرتے بلکہ ان کے درمیان محبت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اسی طریقہ سے جب کسی بھی ملک کی آبادی میں اضافہ ہوتا ہے تو نئے نئے انتظامی یونٹ بنانے کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ انتظام حکومت کو بہتر سے بہتر انداز سے چلایا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مجھے اس سے غرض نہیں کہ دانشور حضرات کتنے صوبے بنانے کا مشورہ دیتے ہیں البتہ حقیقت یہ ہے کہ تاریخی اعتبار سے سرائیکی بیلٹ کبھی صوبہ پنجاب کا اور ہزارہ ڈویژن کبھی خیبر پختونخوا کا حصہ نہیں رہا اور ان علاقوں کی ہمیشہ جداگانہ حیثیت رہی ہے۔ اسی طرح قائداعظم محمد علی جناح نے قبائلی علاقوں کو علیحدہ حیثیت دی تھی لہٰذا جتنی جلد ممکن ہو سرائیکی صوبے، صوبہ ہزارہ اور پاکستان کے لئے فاٹا کے عوام کی قربانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے قبائلی علاقوں پر مبنی صوبہ قبائلستان بنا دیا جائے۔ اسی طرح سیاسی و مذہبی جماعتیں اور جس جس علاقے کے عوام کی اکثریت نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کرتی ہے تو حکومت کو اس پر بھی غور کرنا چاہئے۔ انہوں نے تاریخ کے طالبعلموں سے بھی درخواست کہ وہ حقائق پر مبنی ان باتوں پر غور کریں اور حکومت سے مطالبہ کریں کہ عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ان کو حق دیا جائے اسی میں ملک کی فلاح اور بہتری ہے۔

## شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن، محبت، بھائی چارہ اور انسانیت دوستی ہے۔ الطاف حسین
## شاہ لطیفؒ نے اپنی صوفیانہ شاعری کے ذریعے لوگوں کو عشق حقیقی اور معرفت کی طرف راغب کیا، نفرت وتشدد کی نفی کی اور انسانوں کو امن و بھائی چارے، محبت اور احترام انسانیت کا درس دیا
## شاہ لطیفؒ سے عقیدت کا تقاضہ یہی ہے کہ انکے پیغام پر عمل کرتے ہوئے امن، محبت، بھائی چارے اور انسانیت دوستی کو فروغ دیا جائے، کسی سے نفرت نہ کی جائے اور سب کیلئے امن اور بھلائی کی دعا کی جائے
## اللہ تعالیٰ سندھ دھرتی سمیت پاکستان کے چپہ چپہ پر اپنا رحم وکرم نازل کرے اور سارے عالم کو امن وسلامتی سے ہمکنار کرے۔
## سندھ کے عظیم صوفی شاعر حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر پیغام

لندن:۔۔۔9 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کا پیغام امن، محبت، بھائی چارہ اور انسانیت دوستی ہے۔ سندھ کے عظیم صوفی شاعر حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ شاہ لطیفؒ نے اپنی صوفیانہ شاعری کے ذریعے لوگوں کو عشق حقیقی اور معرفت کی طرف راغب کیا، نفرت وتشدد کی نفی کی اور انسانوں کو امن و بھائی چارے، محبت اور احترام انسانیت کا درس دیا۔ شاہ لطیفؒ کے پیغام کا ہی اثر تھا کہ سندھ کی دھرتی نے یہاں آنے والے تمام لوگوں کو اپنے دامن میں پناہ دی، کسی کے ساتھ کوئی نفرت نہیں کی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ شاہ لطیفؒ سے عقیدت کا تقاضہ یہی ہے کہ ان کے پیغام پر عمل کرتے ہوئے امن، محبت، بھائی چارے اور انسانیت دوستی کو فروغ دیا جائے، کسی سے نفرت نہ کی جائے اور سب کیلئے امن اور بھلائی کی دعا کی جائے۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ حضرت شاہ عبدالطیف بھٹائیؒ کے صدقے سندھ دھرتی سمیت پاکستان کے چپہ چپہ پر اپنا رحم وکرم نازل کرے اور سارے عالم کو امن وسلامتی سے ہمکنار کرے۔ آمین

## انقلاب کی کرنیں سکھر کے عظیم الشان جلسہ عام میں ظالم وجابر جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار بھی دیکھیں گے جس کے بعد انہیں چین نصیب نہیں ہوگا

## 20 جنوری کو سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں سکھر، شکارپور اور میرپورخاص میں کارنر میٹنگوں سے مقررین کا خطاب

## جلسہ عام کیلئے جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خواتین سکھر کے تحت یوسی 8 میں خواتین کی بڑی کارنر میٹنگ کا انعقاد

سکھر:۔۔۔9، جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیر اہتمام سکھر کے میونسپل اسٹیڈیم میں 20 جنوری کو منعقد ہونے والے جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم سکھر شعبہ خواتین کے تحت یوسی 8 میں خواتین کی ایک بڑی کارنر میٹنگ ہوئی۔ کارنر میٹنگ سے ایم کیوایم شعبہ خواتین سکھر زون کی انچارج محترمہ بختیار، حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید اور زونل کمیٹی کی اراکین محترمہ نادرہ اور محترمہ رخسانہ تبسم نے خطاب کیا اس موقع پر خواتین شرکاء کا جوش وخروش قابل دید تھا اور انہوں نے 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام شرکت کر کے اسے شاندار کامیابی سے ہمکنار کرانے کا یقین بھی دلایا۔ جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم سکھر زون کے تحت یوسی 7A اور 7B میں اجتماعات منعقد ہوئے جن میں آرائیں، بھٹو، مغل اور کھوکھر برادریوں کے نوجوانوں اور بزرگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ان کارنر میٹنگوں سے ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج وحق پرست صوبائی وزیر نثار پہنور، جوائنٹ زونل انچارج شہزادہ گلفام اور اراکین نے خطاب کیا۔ اسی طرح گزشتہ روز شکارپور یونٹ B سٹی اور یونٹ جنوشریف میں کارنر میٹنگوں کا انعقاد کیا گیا جن میں ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج نثار پہنور اور رکن انور علی بگھیو نے شرکت کی اور شرکاء کو 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دی۔ سکھر اور شکارپور کی طرح جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن میرپورخاص کے تحت جنرل ورکرز اجلاس منعقد ہوا جس سے لیبر ڈویژن کی سینٹرل کمیٹی کے اراکین آصف صدیقی، ظفر عباس، شرافت زیدی، زونل کمیٹی کے رکن ڈاکٹر ظفر کمالی اور دیگر نے خطاب کیا۔ کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں مظلوم عوام کے ساتھ جاری ظلم وجبر، ناانصافی اور تشدد کے پیچھے کارفرما اصل مسائل کے حل کیلئے جدوجہد کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس وتعلیمات کے باعث آج مظلوم عوام جان چکے ہیں کہ ملک وقوم سے مخلص کون ہے اور کون ملک وقوم کو اپنے ذاتی مفادات کے حصول کیلئے استعمال کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انقلاب کی کرنیں سکھر کے عظیم الشان جلسہ عام میں ظالم وجابر جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار بھی دیکھیں گے اور انہیں اس جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی کے بعد چین نصیب نہیں ہوگا۔ انہوں نے کارنر میں شریک خواتین سے اپیل کی کہ وہ 20 جنوری کو سکھر میں ہونے والے جلسہ عام میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور اسے فقید المثال کامیابی سے ہمکنار کرائیں۔

## سرائیکی قومی اتحاد کے چیئرمین کرنل (ر) عبدالجبار عباسی کی سربراہی میں نمائندہ وفد کی ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

## وفد نے قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کی جانب سے سرائیکی صوبہ کی قرارداد جمع کرانے پر جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا

## پوری سرائیکی قوم جناب الطاف حسین کے ساتھ کھڑی ہے، کرنل (ر) عبدالجبار عباسی کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو

کراچی:۔۔۔9، جنوری 2012ء

سرائیکی قومی اتحاد کے چیئرمین کرنل (ر) عبدالجبار عباسی کی سربراہی میں ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم سیکریٹریٹ عزیزآباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید مصطفی کمال اور سیف یار خان سے ملاقات کی اور قومی اسمبلی میں سرائیکی صوبہ کی قرارداد جمع کرانے اور مظلوم عوام کے حقوق کی عملی جدوجہد کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔ وفد میں سرائیکی قومی اتحاد کے سینئر وائس چیئرمین حاجی رب نواز، مشاورتی کونسل کے ارکان غلام مصطفی خان، مخدوم سید اکبر شاہ، مرکزی جنرل سیکریٹری نذیر احمد کٹیال، وائس چیئرمین پرویز مغل اور دیگر شامل تھے۔ اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج محمد حسین، جوائنٹ انچارج وسیم قریشی، اراکین اظہر اقبال اور فیض اللہ بھی موجود تھے۔ ملاقات میں کرنل (ر) عبدالجبار عباسی نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے سرائیکی صوبہ کی تشکیل کیلئے آئینی ترمیم کا بل پیش کر کے سرائیکی عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم سرائیکی عوام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے آواز بلند کر کے ملک کی سیاست کا منظر نامہ ہی تبدیل کر کے رکھ دیا اور اب پوری سرائیکی قوم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ کھڑی ہے۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے گفتگو کرتے ہوئے وفد کو بتایا کہ ایم کیوایم کا پرانا مطالبہ رہا ہے کہ سرائیکی صوبے کا قیام ملک کی مضبوطی اور ترقی کا ضمانت ہے۔ رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے ضروری ہے کہ مزید انتظامی یونٹس بنائے جائیں اور عوام کی خواہشات اور امنگوں کا احترام کر کے انہیں ان کا جائز حق دیا جائے۔

## نئے صوبوں کے قیام سے احساس محرومی کا خاتمہ ہوگا، ڈاکٹر فاروق ستار

## صوبائی خودمختاری اور نئے صوبوں سے پاکستان مستحکم ہوگا، عوام کی محرومیاں دور ہوں گی

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کا ملتان کے صنعتکاروں کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ میں گفتگو

ملتان:۔۔۔09 جنوری 2012ء

نئے صوبوں کے قیام اور صوبائی خودمختاری سے پاکستان مستحکم ہوگا اور عوام کی محرومیاں دور ہوں گی ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے ملتان کے صنعتکاروں کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ میں گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جنوبی پنجاب کے محروم عوام قائد تحریک الطاف حسین کی سربراہی میں متحد و منظّم ہیں اور تبدیلی کے لئے اٹھ کھڑے ہوئے ہیں اور ملک سے ظالمانہ، جاگیردارانہ، وڈیرانہ فرسودہ نظام کے خاتمے اور ملک کو مستحکم، خوددار، خوشحال، خودمختار اور اس میں خلق خدا کا راج دیکھنا چاہتے ہیں۔استقبالیہ میں ملتان کے معروف صنعتکاروں اور بزنس کمیونٹی کے نمائندہ شخصیات سیّد و عبدالرحمٰن حسین انڈسٹریز، سیّد عاطف الرحمٰن ایچ آر پیکیجز، اشفاق احمد اشفاق، ٹریڈرز، رانا اجمل، راؤ تصور داؤد پیکیجز، سمیع اللہ بٹ نقشبند فورڈز، عامر اقبال عبداللہ ٹریڈرز، احسن علی عابدی، رازق انٹرنیشنل، سیّد اصغر عباس نقوی، صوبائی ممبر امن کمیٹی سمیت ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سید شمشاد جعفری، زونل انچارج رائے خالد محمود جوائنٹ زونل انچارج راؤ محمد خالد، زونل ممبران کلیم زبیر، ڈاکٹر اکرم علی، جاوید حیدر، قیصر عباس کھیڑا، قاسم رضوی، راشد ہاشمی، آفتاب قریشی، رانا ابوبکر، عمران اعظم گاڈی، مستنصر سہیل، شہزاد نواز گورچانی، رانا افلاطون ایڈووکیٹ، باجی فرخندہ، میاں ادریس، ضلعی انچارج ملتان ندیم مرزا، جوائنٹ ضلعی انچارجز ذوالقرنین بھٹہ، زاہد بخاری، مجاہد بلوچ، ملک یاسر سہیل، سید وصی حیدر تقوی ضلعی ممبران راجہ یامین علی عارف قریشی، راؤ قدیر ذیشان مسعود، سید ندیم رضوی، شیخ عمران، شعیب قریشی، رمیض علی، قاضی شہزاد، ریاض دھرالہ ایڈووکیٹ، شیخ اکرم سمیت مختلف ٹاؤنز کے ذمہ داران و کارکنان بھی موجود تھے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار کی اچ شریف کے سجادہ نشین سلطان احمد جہانیاں سے خصوصی ملاقات

ملتان:۔۔۔09 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کے ڈپٹی کنوینر و قومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر اور وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے مقامی ہوٹل میں اچ شریف کے سجادہ نشین مخدوم سلطان احمد جہانیاں سے خصوصی ملاقات کی ۔اس موقع پر ایم کیو ایم رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا، اور ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن شمشاد جعفری ،صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج ادریس جامی زونل کمیٹی ملتان کے رکن وسیکریٹری اطلاعات علی عمران سہروردی بھی موجود تھے۔ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیو ایم کا منشور خطبہ حجتہ الوداع کی روشنی میں بنایا گیا ہے اور ایم کیو ایم پسے ہوئے طبقات کو باعزت زندگی گذارنے کا حق دلانا چاہتی ہے۔مخدوم سلطان محمود نے مظلوم ومحکوم طبقہ کے حقوق کے حصول کی جدوجہد پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کیا اور ایم کیو ایم کے مشن کی کامیابی کے لئے خصوصی دعا فرمائی آخر میں انہوں نے ڈاکٹر فاروق ستار کو اوچ شریف آنے کی دعوت بھی دی۔

## الطاف حسین کا فلسفہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے، ایم کیو ایم صوبائی تنظیمی کمیٹی

## موسی پاک ٹاؤن، بوسن ٹاؤن ملتان میں ہونے والی کارنر میٹنگز سے شیراز احمد، ندیم رازی کا خطاب

ملتان۔۔۔09 جنوری 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین سید شیراز احمد اور ندیم رازی نے موسی پاک ٹاؤن اور بوسن ٹاؤن ملتان میں منعقد ہونے والی کارنر میٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فلسفہ ملک کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے اور لوگ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے جوق در جوق ایم کیو ایم کے پرچم تلے جمع ہو رہے ہیں۔اب وہ وقت دور نہیں جب غریب ومظلوم عوام اپنے مشن میں کامیاب ہونگے اور ملک میں انقلاب برپا کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ظالموں سے نجات اور آزادی کا واحد راستہ عوام منتخب کر چکے ہیں اور اب اپنے اندر سے قیادت کو نکال کر ملک کے ایوانوں میں بھیجنا ہوگا تاکہ ملک میں غریب ومظلوم عوام کی حکمرانی قائم ہو۔انہوں نے ذمہ داران وکارکنان پر زور دیا کہ وہ گھر گھر عوامی رابطہ مہم تیز کر دیں اور حق پرستی کا پیغام ہر گلی کوچے کوچے تک پہنچائیں۔اس موقع پر جوائنٹ ڈسٹرکٹ انچارجز ملتان ذوالقرنین بھٹہ، زاہد بخاری اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، راجہ یامین کھدرپوش، شیخ اکرم، ٹاؤن انچارجز شاہد شاہ، آصف جاہ، شاہد عوامی، محمد حنیف سمیت جوائنٹ انچارج، استاد حیدر، چوہدری یوسف، خرم شہزاد اور دیگر ذمہ دارن وکارکنان موجود تھے۔

## حق پرستانہ جدوجہد میں خواتین کا کردار نا قابل فراموش ہے، زاہدہ بیگم، عابدہ سیف اور فرزانہ ظفر

## خواتین اپنے حقوق کا ادراک کریں اوران کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد و منظم ہوجائیں

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نفرتوں کا خاتمہ اور محبتوں کا فروغ چاہتے ہیں، فاروق جمیل اور سراج راجپوت

## نوابشاہ میں کارنرمیٹنگز سے خطاب اور سخی داتا کے مزار پر حاضری قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

نوابشاہ:۔۔۔9،جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی اراکین محترمہ زاہدہ بیگم، عابدہ سیف اور فرزانہ ظفر نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد میں خواتین کا کردار نا قابل فراموش ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 1، 2، 9 اور یوسی جام صاحب میں خواتین کے اجلاسوں سے خطاب میں کیا۔اس موقع پر شعبہ خواتین نوابشاہ کی انچارج محترمہ عنبرین عظمیٰ و دیگر ذمہ داران بھی موجود تھیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے خواتین کے حقوق کیلئے عملی جدوجہد کی ایم کیوایم میں خواتین کو جو عزت واحترام حاصل ہے وہ کسی اور جماعت میں نہیں۔خواتین اپنے حقوق کا ادراک کریں اوران کے حصول کیلئے ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد و منظم ہوجائیں۔انہوں نے تمام خواتین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ 10 جنوری کو نوابشاہ اور 20 جنوری کو سکھر میں ہونیوالے عظیم الشان جلسہ عام میں شریک ہوکر ثابت کردیں کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کے شانہ بشانہ ایم کیوایم کی عملی جدوجہد میں شامل ہیں۔دریں اثناء اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین فاروق جمیل اور سراج راجپوت نے یوسی 6 اور جام صاحب میں منعقدہ کارنرمیٹنگز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نفرتوں کا خاتمہ اور محبتوں کا فروغ چاہتے ہیں، ایم کیوایم کی کاوشوں سے سندھ میں بھائی چارگی کی فضا کو فروغ حاصل ہوا ہے۔کارنرمیٹنگز میں عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔کارنرمیٹنگز سے زونل انچارج شیراز مسعود خان، حق پرست ایم پی اے سید وسیم حسین نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے سکھر کا جلسہ عام اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہمارا جینا مرنا سندھ کے ساتھ ہے اور ہماری جدوجہد کا حاصل پاکستان بالخصوص سندھ کی ترقی وخوشحالی پر منحصر ہے۔اس سے قبل اراکین اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان فاروق جمیل، سراج راجپوت، محترمہ زاہدہ بیگم، عابدہ سیف، فرزانہ ظفر، زونل انچارج شیراز مسعود و اراکین زونل کمیٹی اور حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید وسیم حسین نے سخی داتا کے مزار پر حاضری دی اور قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے مزار شریف پر چادر چڑھائی۔اس موقع پر سندھ دھرتی کی خوشحالی وترقی اور سکھر کے جلسہ عام کی کامیابی سمیت قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن، سابق سینیٹر اور سابق سٹی ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل کی علالت پر قائد تحریک الطاف حسین کا اظہار تشویش

## کارکنان اور حق پرست عوام محترمہ نسرین جلیل کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔09 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن، سابق سینیٹر اور سابق سٹی ناظمہ کراچی محترمہ نسرین جلیل کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔جناب الطاف حسین نے تمام کارکنوں، ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور تمام حق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ محترمہ نسرین جلیل کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔واضح رہے کہ محترمہ نسرین جلیل ایم کیوایم کی ایک سینئر رکن ہیں اوران کی تحریک کیلئے بڑی خدمات ہیں۔

## ایم کیوایم کے سرگرم اور بزرگ کارکن عثمان دہلوی شدید علیل ہوگئے

## عوام عثمان دہلوی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔09 جنوری 2011ء

ایم کیوایم کے سرگرم اور بزرگ کارکن عثمان دہلوی ان دنوں شدید علیل ہیں اور علالت کے باعث وہ چلنے پھرنے سے قاصر ہیں۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے بزرگ کارکن عثمان دہلوی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے اللہ تعالیٰ عثمان دہلوی کو صحتِ کاملہ وعاجلہ عطا کرے۔جناب الطاف حسین نے تمام عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ عثمان دہلوی کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔9 جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نوابشاہ زون یونٹ B-3 کے کارکن محمد اکرام قریشی کے والد مختار احمد، حیدرآباد زون کے زونل ممبر رسول بخش میمن کے چھوٹے بھائی اللہ ورایو میمن، میرپور خاص زون سیکٹر جھڈو یونٹ نوکوٹ کے شہید ساتھی یاسین ملک کی والدہ محترمہ منی بیگم، ملیر سیکٹر یونٹ 99 کے کارکن عبدالوقار کے والد عبدالستار، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 51 کے کارکن فواد احمد کے والد محمد نیاز، محمود آباد سیکٹر یوسی 1 کے کارکن حاجی محمد کے صاحبزادے اسماعیل محمد اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 79 کے ہمدرد شہید غیاث الدین کی اہلیہ محترمہ حاجرہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## الطاف حسین ایک نظریہ ایک تحریک ایک مقصد ہی نہیں بلکہ ایک انقلاب کا نام ہے،ڈاکٹر فاروق ستار
## پاکستان کو درپیش موجودہ بحران کے خاتمے کی کنجی ایم کیو ایم اور الطاف حسین کے پاس ہے،محمود شام
## لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کتاب ''الطاف حسین کوئز'' کی تقریب رونمائی میں خطاب کے دوران کہی

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا کہ الطاف حسین ایک نظریہ ایک تحریک ایک مقصد ہی نہیں بلکہ ایک انقلاب کا نام ہے،الطاف حسین جو کہتے ہیں وہ کرکے دکھاتے ہیں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ایم کیو ایم کا مئوقف بھی اس امر کا مظہر ہے۔یہ بات انہوں نے پیر کی شب لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی زندگی ،جدوجہد اور شخصیت پر لکھی گئی ذکی احمد ذکی کی کتاب ''الطاف حسین کوئز'' کی تقریب رونمائی میں خطاب کے دوران کہی۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سوال جواب کی شکل میں جو کچھ لکھا ہے وہ دراصل ایم کیو ایم اور قائد تحریک الطاف حسین کی شخصیت پر لکھی جانے والی طویل انسائیکلو پیڈیا کا آغاز ہے یہ کتاب یقیناً مکمل نہیں ہے تاہم ابھی الطاف حسین کے بارے میں بہت کچھ لکھنا باقی ہے۔انہوں نے کہا کہ دنیا میں ایسی کوئی تحریک نہیں جس میں کسی سیاسی جماعت کی ذیلی تنظیم پہلے بنی ہو اور سیاسی جماعت بعد میں وجود میں آئی ہو الطاف حسین کی شخصیت پر طلبہ کی جانب سے پی ایچ ڈی کرنے کا سلسلہ جاری ہے اس میں غیرملکی طلبہ بھی شامل ہیں۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین نے اپنی جماعت میں احتساب اور محاسبہ کا نظام نافذ کررکھا ہے یہ مثال کسی اور جماعت میں نہیں ملتی آج اثاثے ظاہر کرنے کی بات کی جاتی ہے ایم کیو ایم میں اثاثے ظاہر کرنے کا نظام بیس سال سے قائم ہے۔جنون کے بغیر الطاف حسین پر ایسی کتاب نہیں لکھی جاسکتی جو ذکی احمد ذکی نے لکھی ہے میں اس پر انہیں مبارکباد اور شکریہ بھی ادا کرتا ہوں۔دانشور وسینئر صحافی محمود شام نے کہا ہے کہ پاکستان کو درپیش موجودہ بحران کے خاتمے کی کنجی ایم کیو ایم اور الطاف حسین کے پاس ہے،آپ کے نظریات ہی پاکستان کو قائداعظم کا پاکستان بناسکتے ہیں،قائداعظم کی روح انتظار کررہی ہے اپنے کارکنوں اور اپنی تنظیم پر اور حالات پر جو گرفت الطاف حسین کو حاصل ہے وہ آصف زرداری،اسفند یار ولی سمیت کسی اور پارٹی کے قائد کو نہیں ہے اس لئے تاریخ الطاف حسین کو جلد از جلد قدم اٹھانے کیلئے تقاضہ کررہی ہے ۔محمود شام نے کہا کہ یہ اپنی جگہ یہ ایک معراج ہوتی ہے کہ ایک فرد تاریخ میں زندہ رہنے لگے یہ بھی بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتا ہے،لیکن اس سے بڑا مرتبہ یہ ہے کہ تاریخ کسی فرد میں زندہ رہنے لگے میں تامل تکلف اور تردد کے بغیر یہ کہہ سکتا ہوں کہ میرے عہد کی تاریخ جناب الطاف حسین میں زندہ رہنے لگی ہے۔پاکستان کی تاریخ اور میں ساتھ ساتھ چلتے رہے ہیں کئی طاقتوں نے پاکستان کی تاریخ کو مسخ کرنے کی کوشش کی ہے یہ وہی لوگ اور جماعتیں ہیں جنھوں نے پاکستان کے قیام کی مخالفت کی تھی پھر پاکستان کے وجود میں آجانے کو اپنی بہت بڑی شکست سمجھا اور اس شکست کا بدلہ لینے کیلئے کبھی اسلام کا لبادہ اڑھا اور کبھی نظریہ پاکستان کے چمپئن بنے کبھی قومی سلامتی کا نام استعمال کیا،کبھی نظام مصطفیٰ کی مقدس اصطلاح کا استعمال کیا انھی ناانصافیوں زیادتیوں،منافقتوں کے اندھیرے میں ایم کیو ایم کی کرن پھوٹی تھی۔میں تو اب برملا کہتا رہا ہوں اب صرف سندھ میں نہیں پاکستان میں اقتدار کا توازن ایم کیو ایم کے ہاتھ میں ہے اس کا تعاون حاصل کیے بغیر حکومت ٹھہر نہیں سکتی یہ طاقت ایسے ہی حاصل نہیں ہوئی ہے اس کیلئے طویل جدوجہد ہوئی ہے اس کیلئے قیمتی جانوں کی قربانیاں دینا پڑی ہیں واحد جماعت ہے جہاں عہدے میرٹ پر ملتے ہیں متوسط بلکہ نچلے طبقے کو آگے آنے کا موقع ملتا ہے تربیت دی جاتی ہے نظم وضبط کا خیال رکھا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں نائن زیرو میں 1986ء سے آرہا ہوں جب یہ صرف 80 گز تک محدود تھا میں نے اس تنظیم کو آگے بڑھتے دیکھا ہے ابتلا کا دور بھی قریب سے مشاہدہ کیا ہے قربانی کے موسم بھی دیکھیں ہیں کامرانیوں کی بہاریں بھی مجھے خوشی ہے کہ آج کی کتاب الطاف حسین کوئز ان معلومات کا احاطہ کرتی ہے کہ ایم

کیوایم نے ہمیشہ ہر دور کی ایجادات اور ٹیکنالوجی سے استعفادہ کیا ہے ایم کیوایم کا میڈیا سیل جدید ترین مواصلاتی آلات سے مرصع نیٹ ورک ہے ایسا کسی بھی اور پاکستانی سیاسی جماعت کے پاس نہیں ہے، ٹیلی فونک خطاب کا سلسلہ الطاف حسین نے شروع کیا تھا اب سب ہی سیاسی و مذہبی لیڈر اس کا سہارا لے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ہر بحران میں بہت سی سیاسی پارٹیاں پسپائی اختیار کرنے پر مجبور ہوتی رہی ہیں لیکن ایم کیوایم سرخروح ہوتی رہی ہے پاکستان کی تاریخ کے اکثر اہم فیصلے ایم کیوایم سے وابستہ ہیں۔ذکی احمد ذکی نے آنے والی نسلوں کیلئے ان تمام اہم واقعات ،تاریخوں ،فیصلوں اور سنگ ہائے میل کو اس کتاب میں محفوظ کردیا ہے یہ انسائیکلو پیڈیا بھی ہے اور عشاریہ بھی ،آج کی مصروف زندگی میں تفصیلات پڑھنے کا وقت کہاں مل سکتا ہے اس لئے مختصر سوال مختصر جواب ہی کسی واقعہ کی تصدیق کیلئے کافی ہیں اسے انٹرنیٹ ،وئب میں بھی محفوظ کردیا جائے وہاں سے یہ ہر کسی کے موبائل فون میں بھی منتقل کیے جاسکتے ہیں اور اسے انگریزی ،سندھی ،پشتو ،بلوچ، پنجابی ،کشمیری اور بلتتی زبانوں میں بھی شائع کیا جائے۔کالم نگار اور سنئیر صحافی آغا مسعود نے کہا کہ کتاب کے مصنف نے الطاف حسین کے حوالے سے اپنی کتاب میں بہت محنت کی ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہیں الطاف حسین سے کتنی عقیدت ہے اس کتاب میں الطاف حسین کے حوالے سے معلومات ہی نہیں بلکہ ان کی تحریک اور جدوجہد کے حوالے سے بھی تفصیلات ملتی ہیں اس کتاب کے اندر ویسے تو بہت سے معلومات ہیں تاہم کتاب میں الطاف حسین کا دانشورانہ تصور بھی ہونا چاہیئے تھا کیونکہ الطاف حسین کی شخصیت کا ایک رخ اسکالری بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کا سماج میں کردار ہے جنہوں نے اتھارٹیز کو براہ راست چیلنج کیا ہے الطاف حسین کا دیا ہوا علم ہی ہمارے علم کو آگے لے جائیگا۔معروف دانشور و **سینئر صحافی ادریس بختیار نے کہا کہ** الطاف حسین کے حوالے سے تمام معلومات اس کتاب میں جمع کردی گئی ہیں اس طرح کی تفصیلات کسی اور سیاسی رہنما کے بارے میں ایک ہی کتاب میں موجود نہیں ہے ایک محقق اس پر کام کرے کہ الطاف حسین جس طرح ملک سے باہر ہیں لیکن انہوں نے اپنے عوام و کارکنان سے جس طرح رابطہ کیا ہوا ہے آج کا نوجوان اس بارے بالکل نہیں جانتا ایسی مثال ملک بھر میں نہیں ملتی کہ ایک لیڈر بیس سال سے باہر اور ملک میں عوام اس سے اسقدر گہری عقیدت رکھتے ہیں دیگر سیاستدان لندن اور دیگر ملکوں میں رہے ہیں لیکن جو رابطہ الطاف حسین نے اپنے عوام سے استوار کررکھا ہے کسی اور نے نہیں رکھا الطاف حسین کی شخصیت پر پی ایچ ڈی رکھنے کی ضرورت ہے،الطاف حسین نے پہلی مرتبہ ملک میں ٹیلی فونک رابطوں کے سلسلے کی بنیاد ڈالی جوان کی تحریکی رابطوں کا سرچشمہ ہے۔مقتعدہ منصور نے کہا کہ طلبہ سیاست سے نوجوانوں کا سیاست میں آنے کا رجحان تقریباً ختم ہوگیا ہے تاہم ایم کیوایم نے یہ سلسلہ برقرار رکھا ہوا ہے دیگر سیاسی جماعتیں اس سے عاری ہیں میں ایم کیوایم ناقد رہا ہوں اور مسلسل تنقیدی نظر رکھے ہوئے ہوں یہ ایم کیوایم کا نظم وضبط ہی ہے جس نے مصطفیٰ کمال کو اس شہر کا ناظم بنایا۔انہوں نے کہا کہ لیڈر عوام کی ملکیت ہوتا ہے اس کی ذاتی حیثیت نہیں ہوتی لہٰذا عوام اپنے لیڈر کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں میں۔صاحب کتاب ذکی احمد ذکی نے کہا کہ الطاف حسین کی شخصیت پر یہ کتاب تحریر کرنا میرے لئے بڑے اعزاز کی بات ہے تاہم الطاف حسین کی شخصیت کا مکمل احاطہ میری یہ کتاب نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ میں نے 20 سے زائد کتابیں تحریر کی ہیں اور آج کل انسائیکلو پیڈیا پر کام کررہا ہوں،الطاف حسین پر کتاب لکھ کر میں نے دریا کو کوزے میں بند کرنے کی کوشش کی ہے۔بعدازاں مصنف ذکی احمد ذکی نے اپنی کتاب ''الطاف حسین کوئز'' محترمہ سائرہ خاتون، ڈاکٹر فاروق ستار، انیس احمد قائم خانی صدر محفل محمود شام کو کتاب پیش کی۔تقریب میں معروف ادیب یاور مہدی، اویس ادیب انصاری، عارف شفیق ،سیف الرحمٰن گرامی، حیات بخاری، ارشد حسین ،اسد شیخ ،رضوان صدیقی اور اظفر رضوی کے علاوہ معروف دانشور، ادیب، شعراء، قلم کار، اینکر پرسن اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔اس موقع پر اراکین رابطہ کمیٹی شعب بخاری، رضا ہارون، واسع جلیل، یوسف شاہوانی، کیف الوریٰ ،سیف یار خان، منتخب حق پرست اراکین پارلیمنٹرین ،متحدہ سوشل فورم کے ارکان علاوہ ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے اراکین بھی موجود تھے۔

## لاہور میں الحمرا کلچرل کمپلیکس میں کلچرل شو کے دوران بھگدڑ کے نتیجے میں
## تین طالبات کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار

لندن:۔۔۔9 جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں الحمرا کلچرل کمپلیکس میں کلچرل شو کے دوران بھگدڑ کے نتیجے میں تین طالبات کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے اس افسوسناک واقعہ میں جاں بحق وزخمی ہونے والی طالبات کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونیوالی طالبات کی مغفرت اور زخمی طالبات کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ واقعہ کی تحقیقات کرائی جائے۔

## سندھ کی معروف بزرگ ہستی وصوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے 268ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی حق پرست صوبائی وزیر مذہبی امور عبدالحسیب نے ہالہ سیکٹر و بھٹ شاہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ مزار شریف پر چادر چڑھائی

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیراہتمام قائد تحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سندھ کی معروف بزرگ ہستی وصوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس مبارک کے موقع پر اس سال بھی زائرین کو مفت طبی امداد فراہم کرنے کی غرض سے سہ روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے

حیدرآباد09 جنوری2012ء

سندھ کی معروف بزرگ ہستی وصوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے 268ویں سالانہ عرس مبارک کے موقع پر قائد تحریک الطاف حسین کی جانب سے رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی حق پرست صوبائی وزیر مذہبی امور عبدالحسیب نے ہالہ سیکٹر و بھٹ شاہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ مزار شریف پر چادر چڑھائی اور ملک کے استحکام، سلامتی اور ترقی کیلئے دعا مانگی اور قائد تحریک الطاف حسین بھائی کی صحت اور درازی عمر کیلئے بھی خصوصی دعا کی۔ جبکہ متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد میڈیکل ایڈ کمیٹی کے زیراہتمام قائد تحریک الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر سندھ کی معروف بزرگ ہستی وصوفی شاعر شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عرس مبارک کے موقع پر اس سال بھی زائرین کو مفت طبی امداد فراہم کرنے کی غرض سے سہ روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جسمیں میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار، ہالہ سیکٹر اور بھٹ شاہ یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں کیمپ کا رکن رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ اشفاق منگی، ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی حق پرست صوبائی وزیر مذہبی امور عبدالحسیب نے دورہ کیا اور کیمپ میں جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا، کیمپ میں زائرین کو مفت طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے بڑے پیمانے پر ادویات ودیگر آلات موجود ہیں جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں کے کے ایف کی ایمبولینسز بھی موجود ہیں کیمپ کا مختلف سماجی وادبی اور سیاسی تنظیموں کے افراد نے دورہ کیا اور کیمپ کے انعقاد کو سراہا۔

## سکھر کا جلسہ عام سندھ کی عوام کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے والوں کے عزائم ناکام بنادیں گا، انچارج محمد شریف

## سیکٹر کینٹ میں منعقد ہونے والے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

حیدرآباد:۔۔۔09 جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اردو اور سندھی بولنے والوں کے درمیان خلیج ڈھا کر سندھ میں محبت امن وخوشحالی کا جو پودا لگایا ہے وہ شاہ عبداللطیف بھٹائی کی تعلیمات کے عین مطابق ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد زون سیکٹر کینٹ میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں اراکین زونل کمیٹی، سیکٹر و یونٹس کے ذمہ دارارن وکارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کے ۹۸ فیصد غریبوں کو وہ سچا رہبر ورہنما عطا کر دیا ہے جو پاکستان کو ہر قسم کے ظلم وجبر اور زیادتی سے نجات دلانے کیلئے جدوجہد میں مصروف عمل ہے کہ قائد تحریک نے سندھ دھرتی کے حقوق کیلئے جو عظیم کردار ادا کیا ہے اسکی نظیر سندھ کی 64 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر میں انقلاب کی صدا بلند ہونا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ حق پرستی بتدریج پھیل رہا ہے انہوں نے کہا کہ آپ کا تعلق 98 فیصد طبقہ سے ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین اور انکی تحریک سے وابستہ ہر فرد 98 فیصد طبقہ سے تعلق رکھتا ہے اور ایم کیو ایم ۹۸ فیصد غریب ومظلوم عوام کے حقوق کے حصول کی تحریک کا نام ہے۔ انہوں نے کہا کہ حقوق کی اس جدوجہد کو ہم اپنے قائد جناب الطاف حسین پر غیر متزلزل یقین اور بلند حوصلے کیساتھ ہی کامیاب بنا سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ بہت جلد قائد تحریک جناب الطاف حسین کا انقلابی نظریہ ملک بھر کے غریب ہاری کسان اور مزدور کو ظالمانہ وجاگیردارانہ نظام کے تسلط سے نجات دلائے گا۔ جس کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے 20 جنوری کو سکھر میں جلسہ عام کا اعلان کیا ہے سکھر کا جلسہ عام سندھ کی عوام کے درمیان نفرتیں پیدا کرنے والوں کے عزائم ناکام بنادیں گا۔

## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کی تعزیت

حیدرآباد:۔۔۔09جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج محمد شریف واراکین زونل کمیٹی نے حیدرآباد زون سیکٹر F یونٹ 14/A کے کارکن کامران کے والد اور سیکٹر B یونٹ 11/B کے ہمدرد نذیر آرائیں کے چھوٹے بھائی حنیف آرائیں کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## قائد تحریک الطاف حسین نے عوامی امنگوں کے مطابق نئے صوبوں کے قیام کے لئے آواز بلند کر کے مظلوم عوام کے دل جیت لئے ہیں،ایم کیو ایم ٹنڈوالہ یار زون
## یونٹ D-1 میں بلاک کمیٹی کے ذمہ داران کے اجلاس سے گفتگو

ٹنڈوالہ یار:۔۔۔09جنوری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ٹنڈوالہ یار زونل کمیٹی کے اراکین ثاقب احمد خانزادہ اور راشد علی نے کہا ہے کہ قائد تحریک الطاف حسین نے عوامی امنگوں کے مطابق نئے صوبوں کے قیام کے لئے آواز بلند کر کے مظلوم عوام کے دل جیت لئے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونٹ D-1 میں بلاک کمیٹی کے ذمہ داران کے اجلاس سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے جنوبی پنجاب،ہزارہ اور قبائلی علاقوں کی مظلوم عوام کے احساس محرومی کو دور کرنے کی خاطر نئے صوبوں کے قیام کا مطالبہ کر کے مذکورہ علاقوں کے دیرینہ مسائل کے حل کی جانب حقیقی پیش رفت کی ہے۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے قائد تحریک الطاف حسین کی ہدایات کے مطابق نئے صوبوں کے قیام سے متعلق قرارداد اسمبلی میں پیش کر کے عوام کا مقدمہ ایوانوں تک منتقل کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پسماندہ علاقوں کی محروم عوام کا احساس محرومی دور کرنے کے لئے انکے تمام تر جائز مسائل کا حل کیا جانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔آمرانہ و جابرانہ طرز عمل کے ذریعے عوامی حقوق غصب کئے جانے کی کسی بھی سازش کو حق پرست عوام اپنے اتحاد و اتفاق کے ذریعے ناکام بنادیں گے۔

## متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین کا تعلقہ گڑھی خیرو کے مختلف یونٹوں کا دورہ

جیکب آباد:۔۔۔9جنوری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عسکری جعفری،خالد بگھیو اور زونل انچارج محمد انور سیال اور زونل کمیٹی کے اراکین نے تعلقہ گڑھی خیرو کے مختلف یونٹوں کا دورہ کیا اور کارکنان سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر انہوں نے سکھر کے جلسہ عام کے سلسلے میں جاری عوامی رابطہ مہم کے سلسلے میں رات دن محنت و لگن سے کام کرنے تمام کارکنان کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خراج تحسین پیش کیا اور انہیں ہدایت دیں کہ وہ سکھر کے جلسے کے سلسلے میں زیادہ سے زیادہ عوامی رابطہ مہم کا انعقاد کر کے حق پرست عوام کو جلسہ عام میں شرکت کی دعوت دیں۔بعدازاں انہوں نے خیرو کے شہر میں گلی گلی گھر گھر ہینڈ بل تقسیم کیے گئے اور گڑھی خیرو کے عوام نے دل سے یقین دہانی کرائی کہ عوام بھرپور انداز سے سکھر کے جلسے میں شرکت کریں گے۔

## اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عنایت اللہ کے کزن کے انتقال پر اظہار تعزیت

جیکب آباد:۔۔۔9جنوری، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ جیکب آباد زون کے انچارج محمد انور سیال واراکین نے اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ڈاکٹر عنایت اللہ سرور کے کزن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆